Prime Minister's meeting with President of the United States of America

September 24, 2021

وزیر اعظم کی امریکہ کے صدر سے ملاقات

24 ستمبر، 2021

1- وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 24 ستمبر 2021 کو امریکہ کے صدر جوزف آر بائیڈن کے ساتھ ایک گرم اور نتیجہ خیز ملاقات کی۔

2- جنوری 2021 میں صدر بائیڈن کے عہدہ سنبھالنے کے بعد دونوں رہنماؤں کی یہ پہلی شخصی ملاقات تھی۔ رہنماؤں نے موقع ملا کہ وہ ہندوستان- امریکہ جامع عالمی اسٹریٹجک شراکت داری اور دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات کا جائزہ لیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان اور امریکہ تبدیلی کی ایک دہائی میں داخل ہو رہے ہیں، جو کہ جمہوری اقدار، ٹیکنالوجی، تجارت، ہمارے لوگوں کی پرتیبھا، فطرت کی امانت اور سب سے بڑھ کر اعتماد کی روایت کے ستونوں پر مبنی ہے۔ رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں آئندہ دو طرفہ مکالموں کا خیرمقدم کیا، بشمول سالانہ 2+2 وزرائے خارجہ اور وزرائے دفاع کے مذاکرات کے، جو مستقبل کی ترجیحات کی نشاندہی کریں گے۔

3- دونوں رہنماؤں نے کووڈ -19 کی صورتحال اور وبائی امراض پر قابو پانے کے لیے جاری ہندوستان- امریکہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ اس تناظر میں صدر بائیڈن نے بھارت کی ویکسینیشن کی جاری کوششوں اور کووڈ کی مدد فراہم کرنے کے لیے ہماری عالمی سپورٹ کو سراہا۔

4- اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ دوطرفہ تجارت کو مزید بڑھانے کی بہت گنجائش ہے، دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اگلی تجارتی پالیسی فورم اس سال کے آخر میں بلائی جائے گی تاکہ ایسے اقدامات کی نشاندہی کی جاسکے جو تجارتی روابط کو فروغ دیں۔ بھارت امریکہ موسمیاتی اور صاف توانائی ایجنڈا 2030 شراکت داری کے تحت، انہوں نے صاف توانائی کی ترقی اور اہم ٹیکنالوجیز کی تعیناتی کو تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ امریکہ میں بڑے پیمانے پر موجود ہندوستانی ڈائی سپورا کو تسلیم کرتے ہوئے وزیر اعظم نے دونوں ممالک کے درمیان عوام سے عوام کے مابین تعلقات کی اہمیت اور نقل وحرکت میں سہولت اور اعلیٰ تعلیم کے روابط کو بڑھانے کے باہمی فوائد پر بھی روشنی ڈالی۔

5- رہنماؤں نے جنوبی ایشیا میں علاقائی پیش رفت بشمول افغانستان کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا اور عالمی دہشت گردی کے انسداد کے لیے مل کر کام کرنے کے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا، اور اس کے ساتھ ساتھ سرحد پار دہشت گردی کی مذمت کی۔ انہوں نے طالبان سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے وعدوں پر عمل کریں، اور تمام افغانوں کے انسانی حقوق کا احترام کریں اور افغانستان کو بلا روک

ٹوک انسانی امداد کی اجازت دیں۔ افغان عوام کے ساتھ اپنے طویل المدتی وابستگی کو دیکھتے ہوئے، دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ہندوستان اور امریکہ ایک دوسرے اور اپنے شراکت داروں کے ساتھ تمام افغانوں کے لئے ایک جامع اور پرامن مستقبل کے لیے قریبی رابطہ قائم رکھیں گے۔

6۔ قائدین نے انڈو پیسیفک خطے کے بارے میں بھی خیالات کا تبادلہ کیا، اور ایک آزاد، کھلے اور جامع انڈو پیسیفک خطے کے لیے اپنے مشترکہ وژن کی تاکید کی۔

7۔ بھارت اور امریکہ نے ماحولیاتی تبدیلی اور دہشت گردی جیسے عالمی مسائل پر اپنے اسٹریٹجک نقطہ نظر اور مشترکہ مفادات کے ملاپ کو دیکھتے ہوئے بین الاقوامی تنظیموں میں مل کر کام جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

8۔ وزیر اعظم مودی نے صدر بائیڈن اور خاتون اول ڈاکٹر جل بائیڈن کو دورہ بھارت کی دعوت دی۔ دونوں رہنماؤں نے اپنے اعلیٰ سطحی مذاکرات جاری رکھنے، مضبوط دوطرفہ تعلقات کو آگے بڑھانے اور اپنی عالمی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا۔

واشنگٹن ڈی سی

24 ستمبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release